31/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  بصارت غل سے خبریں سُنئے

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی وکست کرشی سنکلپ ابھیان جاری ہے۔ 15 روز تک چلنے والی اس مہم کے دوران کسانوں کو کاشتکاری کے جدید طور طریقوں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے۔ اس بارے میں محکمہ زراعت کے جوائنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر Extention انیل گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

------ ----

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کا مقصد کسانوں کو با اختیار بنانا ہے تاکہ فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ ان کی آمدن میں بھی اضافہ یقینی بنایا جا سکے ۔ وہ R.S پورہ میں کرشی سنکلپ ابھیان کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ انہوں نے زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان کے ہمراہ R.S پورہ میں لگائے گئے مختلف سٹالوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے اس بات پر خوشی ظاہر کی کہ زرعی شعبے کے اختراع کار اور سٹارٹ اپ ہولڈرس وکست بھارت کا نشانہ حاصل کرنے میں اہم رول ادا کر رہے ہیں ۔

سکینہ ایتو

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے جموں کشمیر میں تپ دِق اور خسرہ بیماریوں کے روکتھام کے علاوہ PM-ABHIM کے تحت رقومات کے استعمال کے لئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ اس ورچول میٹنگ میں جموں کشمیر کی وزیر صحت سکینہ ایتواور محکمے کے دیگر افسران نے شرکت کی ۔ سکینہ ایتو نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا ہے کہ

**جموں کشمیر کے لئے 18 ہینڈ ہیلڈ AI supported X-ray مشینوں کی فراہمی کو منظوری دی گئی ہے ۔**

**درخشان اندرابی**

**جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے کہا کہ بھارت کی ناری شکتی ملک کے لئے باعث افتخار ہے ۔ نیشنل ڈیفینس اکیڈمی سے گریجویشن کرنے والے 17 خواتین کے پہلے بیچ کو اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے مبارک باد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم سب کو خواتین کی طاقت کا جشن منانا چاہئے ۔**

**حج**

**جموں وکشمیر کے عازمین حج کی سفر محمود پر روانگی کا سلسلہ آج مکمل ہو رہا ہے۔آج بھی دو پروازوں کے ذریعے عازمین سعودی عرب روانہ ہو رہے ہیں۔ دوسری پرواز سے روانہ ہونے والے عازمین کو دوپہر ڈیڑھ بجے سے دو بجے حج ہاوس بمنہ پہنچنے کیلئے کہا گیا ہے، جبکہ پہلی پرواز سے روانہ ہونے والے عازمین صبح ساڑھے چھ بجے حج ہاوس پہنچ گئے۔ جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔۔۔**

**عالمی دن**

**آج تمباکو مخالف عالمی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد تمباکو کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری عام کرنا ہے تاکہ تمہا کو نوشی کی عادت کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ اس سلسلے میں آج بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔**

**تعطیلات**

**حکومت نے جموں کشمیر کے سبھی ڈگری کالجوں میں گرمائی تعطیلات کا اعلان کیا ہے ۔ اعلیٰ تعلیم محکمے کی جانب سے جاری ایک سرکیولر کے مطابق کشمیر صوبے کے تمام ڈگری کالج 15 جولائی سے 24 جولائی تک گرمائی چھٹیوں کے لئے بند رہیں گے۔**

**بارش**

**سرینگر شہر اور وادی کے دیگر علاقوں مینگزشتہ شب سے بارشیں ہو رہی ہیں ، جس کے نتیجے میں درجہ حرارت میں کچھ حد تک کمی واقع ہوئی ہے۔ مسلسل بارشوں کے نتیجے میں شہر کی سڑکوں اور گلی کوچوں میں پانی جمع ہوا ہے اور لوگوں کو عبور و مرور میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ لوگوں نے حکام سے اپیل کی ہے کہ جمع شدہ بارش کے پانی کی نکاسی کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔**

**شاہراہ**

**سرینگر جموں قومی شاہراہ پر گاڑیوں کی آواجائی دونوں اطراف سے معمول کے مطابق جاری ہے تاہم بڑی گاڑیوں کو جموں سے سرینگر آنے کی اجازت دی گئی ہے ۔ ہمارے نمائندے نے ٹریفک حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ شاہراہ پر بارش ہو رہی ہے ۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سفر شروع کرنے سے پہلے ٹریفک کنٹرول روم سے رابطہ کریں ۔ مغل روڑ تازہ برف باری کے بعد ٹریفک کے لئے بند ہو گیا ہے ۔ سرینگر سونہ مرگ گُمری روڑ اور سنتھن روڑ کو متعلقہ حکام کی جانب سے گرین سگنل ملنے کے بعد ٹریفک کے لئے کھول دیا جائے گا ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**